


LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES

#JourneyOfEnrichingLives

YBG

**ٹرائی الٹرا** ایک وسیع الاثر منفرد زہروں کا مرکب ہے۔ جو کہ گندم کی فصل میں گھاس نما جڑی بوٹیوں مثلاً دمبی سٹی، جنگلی جئی اور سلائی سٹی (سُر مچو گھاس) کے ساتھ ساتھ بیشتر چوڑے پتے والی جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لیے سنگل شاٹ سلوشن (Single Shot Solution) ہے۔ ٹرائی الٹرا جڑی بوٹیوں کی جڑ اور پتوں کے ذریعے جذب ہو کر پودے کے تمام حصوں میں سرائیت کر جاتا ہے اور جڑی بوٹیوں میں خلیوں کی تقسیم اور بڑھوتری کے لیے درکار ضروری امائینو ایسڈز کے بننے کو روک کر جڑی بوٹیوں کا مکمل خاتمہ یقینی بناتا ہے۔

**ٹرائی الٹرا** اپنی منفرد اور جدید OD فارمولیشن کی وجہ سے گندم کی فصل میں موجود جڑی بوٹیوں میں سرائیت پذیر ہو کر بہترین نتائج فراہم کرتا ہے۔

**ٹرائی الٹرا** گندم کی فصل اور ماحول کے لیے بالکل بے ضرر ہے۔



دمبی سٹی



جنگلی جئی



لہلی



مٹری



باتھو

## نمایاں خصوصیات

- تین طاقتور زہروں پر مشتمل منفرد مکسچر
- دوہرے عمل یعنی پتوں اور جڑوں سے سرائیت پذیر ہو کر جڑی بوٹیوں کا مکمل خاتمہ کرتا ہے
- گندم کی فصل میں اُگی ہوئی تمام اقسام کی چوڑے اور نوکیلے پتوں والی سخت جان جڑی بوٹیوں کے خلاف بہترین پروڈکٹ ہے
- مٹی میں موجود خوردبینی جانداروں کیلئے محفوظ جڑی بوٹی مار زہر ہے
- کھیت فصل کی تیاری تک جڑی بوٹیوں سے پاک
- گندم کی فصل کے ساتھ بہترین مطابقت کی وجہ سے پیداوار میں اضافہ

## وقت استعمال

- گندم کی فصل کی بیجائی کے 25 سے 40 دن بعد یا جب جڑی بوٹیاں 3 سے 5 پتوں کی حالت پر ہوں تو **ٹرائی الٹرا** کا اسپرے کریں
- **ٹرائی الٹرا** اسپرے کرتے وقت اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ زمین نارمل وتر کی حالت میں ہو
- **ٹرائی الٹرا** کو کلراٹھی یا شور زدہ زمینوں میں ہرگز اسپرے نہ کریں
- دوہرے اسپرے سے گریز کریں
- اسپرے کیلئے ہمیشہ فلیٹ فین یا فلڈ جیٹ نوزل استعمال کریں
- تر وتر حالت میں ہرگز اسپرے نہ کریں۔



## سفارشات برائے استعمال

| فصل | جڑی بوٹیاں | شرح استعمال فی ایکڑ |
| --- | --- | --- |
| گندم | گندم کی سالانہ جڑی بوٹیاں | 360-480 ملی لیٹر کو 100-120 لیٹر پانی میں ملا کر اسپرے کریں |

* استعمال سے پہلے بوتل کو اچھی طرح ہلائیں۔*


لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائنسز
63 - مزنگ روڈ لاہور۔ ہیلپ لائن: 0800-73337